© rasailojaraid.com



● **مجالس مسیح الامت**　　واعظ: حضرت مولانا محمد مسیح اللہ خان رحمتہ اللہ علیہ

ضخامت: ۴۳۵ صفحات　قیمت: درج نہیں　　ناشر: القاسم اکیڈمی، جامعہ ابو ہریرہ، خالق آباد، نوشہرہ

اولیاء اللہ کی مجالس اور مواعظ حکمت ودانائی کی باتوں سے معمور ہوتے ہیں۔ اصلاحِ اعمال اور تزکیۂ نفس کا ذریعہ ہوتے ہیں۔ ماضی قریب میں حضرت مولانا اشرف علی تھانوی رحمہ اللہ کے سلسلہ کے نام ور بزرگ حضرت مولانا محمد مسیح اللہ خان رحمہ اللہ اپنی طرز کے منفرد انسان تھے۔

زیرِ تبصرہ کتاب میں مولانا مسیح اللہ خانؒ کی پہلی سولہ مجالس کی گفتگو جلد اوّل کی صورت میں قلم بند کی گئی ہے۔ جس میں مختلف موضوعات پر مشتمل، مولانا کے مواعظ وفرمودات کو مرتب کیا گیا ہے۔ مولانا کے مسلک کے ترجمان جناب ابراہیم تسبیح والے کی خواہش کے مطابق مولانا عبدالقیوم حقانی نے اس کتاب کو جدید ترتیب، عمدہ کتابت، خوبصورت طباعت اور اپنے جاندار مقدمے کے ساتھ شائع کیا ہے۔ علم وحکمت، تعلیم وتربیت، تزکیۂ نفس، تصوف وسلوک اور روزمرہ کے معاملات پر گراں قدر ملفوظات، اعمال کی اصلاح کا بہترین ذریعہ ہیں۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● **جریدہ: ماہنامہ ''مسیحائی'' (قرآن نمبر)**　　مدیر منتظم: ڈاکٹر حقانی میاں قادری

ضخامت: ۳۸۶ صفحات　قیمت: ۳۰۰ روپے　　ناشر: احمد خیر الدین انصاری، ۱۹۷۔ بی، بلاک اے شمالی ناظم آباد، کراچی

وہ معزز تھے زمانے میں مسلماں ہو کر
اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

قرآن مجید رشد وہدایت کا سرچشمہ اور انسانیت کے لیے مکمل ضابطہ حیات ہے۔ اس میں اُن لوگوں کے حالات بھی ہیں جو پہلے گزر چکے اور اُن لوگوں کا ذکر بھی ہے جو آنے والے ہیں۔ یہ نسخہ کیمیا ہمارے انفرادی اور اجتماعی مسائل کا حل ہے۔ تمام آسمانی صحیفوں کا خلاصہ اور نچوڑ قرآن مجید ہے۔

موجودہ دور میں مسلمانوں کا سب سے بڑا المیہ ہی یہی ہے کہ قرآن کریم کی روشن اور رہنما ہدایات کو سمجھ کر عمل کرنا تو کجا پڑھنا ہی چھوڑ دیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ قرآن کے پیغامِ ہدایت وبصیرت کو عام کیا جائے۔ اسی حوالے سے ماہنامہ ''مسیحائی'' کا شعبۂ ادارت قابل مبارک باد ہے کہ انھوں نے انتہائی سلیقے سے اپنے جریدے کا ''قرآن نمبر'' شائع کیا ہے۔ جس میں نام ور لکھاریوں کی تحریریں شامل ہیں۔ ''مسیحائی کا زیرِ نظر شمارہ قرآن مجید کے حوالے سے، اردو زبان وادب میں بلاشبہ ایک بیش بہا اضافہ ہے۔ (تبصرہ: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)

● **تبلیغی جماعت**　　مرتب: شبیر احمد خان میواتی

ضخامت: ۲۸۵ صفحات　قیمت: ۱۹۰ روپے　　ناشر: ندوۃ المبلغین، بلال پارک، بیگم پورہ، لاہور

''حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنا چاہتے تھے۔ مگر میں فرنگیوں کو لوگوں کے دلوں سے نکالنا چاہتا ہوں۔''



© rasailojaraid.com